BRAMPTON Flower City
brampton.ca

media release

7 دسمبر 2018

کرسمس کے 12 دن برامپٹن انیمل شیلٹر کے ساتھ منائیں!

برامپٹن، آن - ہو سکتا ہے کہ آپ اپنی چھٹیاں کسی دوستانہ پالتو جانور کے ساتھ گزارنا چاہتے ہوں، ضرورت مند جانوروں کی معاونت کرنا چاہتے ہوں یا آپ جانوروں سے متعلق دیگر کسی سرگرمی کو پسند کرتے ہوں، تو آپ اگلے 12 دنوں کے دوران ان پرکشش تقریبات میں یقینًا شامل ہونا چاہیں گے۔

برامپٹن انیمل شیلٹر اس سیزن کے دوران 7 تا 18 دسمبر 2018 تک 12 دنوں پر محیط کرسمس کی اپنی تقریبات کے ذریعے خوشیوں کے رنگ بکھیرے گا۔

ان معاون تقریبات میں آپ کو اور آپ کے پالتو جانور کو شرکت اور سرگرمیاں ملاحظہ کرنے کی دعوت دی جاتی ہے، جس میں پرکشش انعامات جیتنے کا موقع بھی موجود ہو گا۔

آپ کیسے شمولیت اختیار کر سکتے ہیں؟

7 دسمبر – ایک اڈاپشن گفٹ سرٹیفیکٹ خریدیں۔

8 دسمبر – دن 12 تا 3 بجے تک ڈاگ ٹوپیا برامپٹن (17 ورتھِنگٹن ایونیو) سے اپنے سینٹا پیٹ فوٹوز (Santa pet photos) حاصل کریں۔ بلیوں کو بھی بخوشی لایا جا سکتا ہے!

9 دسمبر – برامپٹن انیمل سروسز کے فیس بک صفحہ پر ہمارے پالتو جانوروں کے مقابلوں میں اندراج کریں۔ سب سے زیادہ پسندیدہ تصویر کو گفٹ باسکٹ دی جائے گی۔

10 دسمبر – ہیلپنگ آرفنڈ پیٹس اِن ایمرجینسیز (HOPE) فنڈ میں عطیہ دیں اور اپنے پالتو جانور کے لیے نرم و گداز موزے حاصل کریں۔

11 دسمبر – HOPE فنڈ میں عطیہ دیں اور اپنے پالتو جانور کے لیے مرضی کا بنایا گیا ٹیگ حاصل کریں۔

12 دسمبر – ہمارے ہینڈ میڈ کرافٹس کی سیل سے خریداری کریں۔

13 دسمبر – ہمارے ہینڈ میڈ زیورات کی سیل سے خریداری کریں۔

14 دسمبر – ہماری پیٹ بیک سیل سے بیک شدہ ذائقہ دار گڈِیز خریدیں۔

15 دسمبر – امیزون وِش لِسٹ کی اشیاء جمع کریں۔

16 دسمبر – آن لائن طور پر عطیہ دے کر ہمارے HOPE فنڈ کی معاونت کریں۔

17 دسمبر – ایک کھلونا جانور کو گود لیں۔

18 دسمبر – ہمارے مفت مائیکرو چپ کلینک کا دورہ کریں۔ صرف برامپٹن کے رہائشیوں کے لیے۔ کیونکہ جگہ محدود ہے، لہٰذا پیشگی رجسٹریشن کروانا لازمی ہے۔ رجسٹر ہونے کے لیے 905.458.5800 پر کال کریں۔

BRAMPTON Flower City brampton.ca

media release

بالمشافہ تقریبات برامپٹن اینیمل شیلٹر (475 کرسلر ڈرائیو) میں دن 10 تا شام 5 بجے تک منعقد ہوں گی، ماسوائے دیگر کسی جگہ کا ذکر کیا گیا ہو۔ ہر قسم کی آمدن ہمارے HOPE فنڈ کو عطیہ کی جائے گی۔

ان میں سے کسی بھی تقریب کے بارے میں مزید معلومات کے لیے www.brampton.ca/animalservices ملاحظہ کریں۔

اقتباس

"اعانتی تقریبات ہماری چھٹیوں کا ایک اہم حصہ ہیں – جو ہمارے پیارے پالتو جانوروں کی اعانت کرتی ہیں! برامپٹن اینیمل شیلٹر اس سال کرسمس کی 12 دنوں پر مشتمل انتہائی دلکش تقریبات منعقد کر رہا ہے جس میں اڈاپشن گفٹ سرٹیفیکیٹ پیش کیے جائیں گے، HOPE فنڈ کے لیے عطیات اکٹھے ہوں گے اور ایک مفت مائیکروشپ کلینک کا انعقاد بھی ہو گا۔ اگر آپ کے پاس کوئی پالتو جانور موجود نہ بھی ہو، تو تب بھی اس سال چھٹیوں کے موسم کی 12 دنوں کی ان تقریبات میں شرکت کرنا ہماری کمیونٹی میں شمولیت کا ایک بہترین طریقہ ہے"۔

- *میئر پیٹرک براؤن*

30--

برامپٹن بڑا سوچ رہا ہے۔ ہم تیز توجہ کے ساتھ مستقبل کے لیے تیار ایک تنظیم ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ ہماری کمیونٹی کی بڑھوتری، نوجوانی اور تنوع ہمیں سب سے علیحدہ کرتی ہیں۔ ہم کینیڈا کے انوویشن سپر کوریڈور کے مرکز میں موجود ہیں، جو سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور ہماری عالمی کامیابی کو بڑھاتا ہے۔ ہم متنوع اربن سینٹرز تعمیر کر رہے ہیں، جو یہاں رہنے اور کام کرنے والے لوگوں کے لیے مواقع اور ان میں فخر کا جذبہ پیدا کرتے ہیں۔ ہم برامپٹن کو ایک ایسے مربوط شہر بنانے کی جانب آگے بڑھا رہے ہیں، جو جدت پسند، جڑا ہوا اور نڈر ہو۔ ہمیں ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر فالو کریں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

میڈیا کنٹیکٹ
مونیکا ڈوگل
کوآرڈینٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca